https://newsroom.churchofjesuschrist.org/article/easter-general-conference-solemn-assembly-april-2026



# اِیسٹر کے اِختتامِ ہفتہ پر دُنیا بھر میں مجلِسِ عامہ اور مُقدّس اِجتماع مُنعقد کِیے جائیں گے

## مجلِسِ عامہ میں چار عمُومی عِبادات شامِل ہوں گی

کلِیسیائے یِسُوع مسِیح برائے مُقدّسینِ آخری ایّام کی 196وِیں سالانہ مجلِسِ عامہ کے لیے 4–5 اپریل، 2026، کو دُنیا بھر سے لاکھوں اَفراد جمع ہوں گے۔ سالٹ لیک سِٹی، یُوٹاہ کے کانفرنس سینٹر سے پیش کی جانے والی اِس دو روزہ تقریب میں یِسُوع مسِیح کی زِندگی اور تعلیمات پر مبنی اُمّید اور اِطمینان کے پیغامات شامِل ہوں گے۔

چُوں کہ اِس سال کی مجلِسِ عامہ اِیسٹر والے اِتوار کو آرہی ہے، اِس لیے بُہت سے پیغامات قُدرتی طور پر اِیسٹر کے بُنیادی مقصد پر مرکُوز ہوں گے—یعنی یِسُوع مسِیح کا جی اُٹھنا، اُس کا لامحدُود کفّارہ، مَوت پر اُس کی فتح، اور وہ اُمّید، تجدید، اور اِطمینان جو اُس کے وسِیلے سے حاصِل ہوتا ہے۔ کلِیسیائی قائدین کے خِطابات اِس بات کی گواہی دیں گے کہ چُوں کہ شافی زِندہ ہے، اِس لیے اَفراد اور خاندان اپنی شاگِردی میں مضبُوطی، مقصد اور خُوشی پا سکتے ہیں۔




6 اپریل، 2025 کو، سالٹ لیک سِٹی، یُوٹاہ، کے کانفرنس سینٹر میں مُنعقدہ 195وِیں سالانہ مجلِسِ عامہ کی بروز اِتوار کی بعد اَز دوپہر کی عِبادت میں تقریباً 21,000 اَفراد شریک تھے۔



بروز اِتوار، 5 اکتوبر، 2025 کو مجلِسِ عامہ کی صُبح کی عِبادت کے دوران سالٹ لیک سِٹی، یُوٹاہ، میں کلِیسیا کے ہیڈ کوارٹر پر واقع کانفرنس سینٹر پر سُورج طُلوع ہو رہا ہے۔



6 اپریل، 2025 کو، سالٹ لیک سِٹی، یُوٹاہ، میں ٹیمپل سکوائر پر واقع کانفرنس سینٹر میں مجلسِ عامہ کی بروز اِتوار کی صُبح کی عِبادت سے قبل شُرکا جمع ہو رہے ہیں۔



6 اپریل، 2025 کو، سالٹ لیک سِٹی، یُوٹاہ، میں بروز اِتوار کی صُبح کی عِبادت سے قبل کانفرنس سینٹر کی طرف جاتے ہُوئے شُرکا کا فضائی منظر۔



نیوزی لینڈ کا ایک خاندان بروز ہفتہ، 4 اکتوبر، 2025 کو مجلسِ عامہ کی صُبح کی عِبادت دیکھ رہا ہے۔



ایکواڈور سے تعلق رکھنے والی ایک لڑکی بروز اِتوار، 5 اکتوبر، 2025 کو مجلسِ عامہ کی صُبح کی عِبادت کے دوران مجلسِ عامہ کے رنگ بھرنے والے صفحات میں رنگ بھر رہی ہے۔



مڈگاسکر کا ایک خاندان بروز ہفتہ، 4 اکتوبر، 2025 کو مجلسِ عامہ کی صُبح کی عِبادت دیکھ رہا ہے۔

## مُقدّس اِجتماع کیا ہے؟

ایک اور اَہم لمحہ بروز ہفتے کی صُبح کی عِبادت کے دوران مُقدّس اِجتماع ہو گا — جو مُقدّسینِ آخری ایاّم کے لیے کلِیسیا کے نئے صدر اور صدارتِ اوّل کی تائید کا موقع ہو گا۔

مُقدّس اِجتماعات وہ خصُوصی، مُقدّس عِبادات ہیں جو مُختلف پاک مقاصِد کے لیے مُنعقد کِیے جاتے ہیں۔ وہ عِبادت میں رُوحانیت کا اعلیٰ اِحساس پیدا کرتے ہیں۔ مُقدّس اِجتماعات میں کلِیسیا کے نئے صدر کی تائید (جیسا کہ 4 اپریل کی صُبح ہوگا)، ہَیکل کی تقدِیس، خصُوصی تقریبات، اور دیگر پاک مقاصِد شامِل ہوتے ہیں۔

بعض مُقدّس اِجتماعات (مثلاً، اپریل 2020 میں) میں ہوشعنا کا نعرہ شامِل رہا ہے، جو نئے عہد نامے سے جُڑا ایک علامتی عمل ہے۔ 4 اپریل کے مُقدّس اِجتماع میں ہوشعنا کا نعرہ شامِل نہیں ہوگا۔

## عِبادت کا تازہ ترین شیڈول

مجلسِ عامہ کے فارمیٹ میں حالیہ تبدیلیوں کے بعد، اپریل 2026 کی مجلسِ عامہ میں **بروز ہفتے کی شام کی عِبادت شامِل نہیں ہوگی**۔ یہ مجلسِ عامہ تمام اَفراد، خاندانوں، اور عقیدے کے دوستوں کے لیے چار عمُومی عِبادات پر مُشتمل ہوگی۔

مجلسِ عامہ کو 70 سے زائد زُبانوں میں براہِ راست سٹریم اور نشر کِیا جاتا ہے تاکہ پُوری دُنیا میں لوگ بڑے اور چھوٹے اِجتماعات، گھروں اور خاندانی ماحول میں اِس تک رسائی حاصِل کر سکیں۔

## مَیں اِسے بعد میں کیسے دیکھ یا سُن سکتا ہُوں؟

نشریات کے بعد، یہ پیغامات تحریری، آڈیو، اور ویڈیو کی صُورت میں مُتعدد چینلوں پر 98 زُبانوں تک دَستیاب ہوں گے تاکہ اُنھیں اپنی ضرُورت کے مُطابق دیکھا اور مُطالعہ کِیا جا سکے۔ اِن چینلوں میں گاسپل لائبریری، میڈیا لائبریری، مجلسِ عامہ یُوٹیوب چینل، اور کلِیسیائی رسائل شامل ہیں۔